ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (45)

20-01-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاران کو چیک کیا۔ سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکے گے، انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (46)

20-01-2023

**بہاول پور( ) پولیس کی سال 2022 میں بڑی کارروائیاں، راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان کے قبضہ سے کروڑوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد، برآمد شدہ مال مسروقہ میں کروڑوں روپے مالیت کی گاڑیاں، موٹرسائیکل اور نقدی شامل۔ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ بطور مہمان خصوصی شریک۔ پولیس لائنز میں پروقار تقریب مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے۔ کروڑوں روپے کی مالیت کی 08 گاڑیاں، 54 موٹرسائیکل اور کیش رقم 15 لاکھ 60 ہزار روپے سے زائد رقم اصل مالکان کے حوالے کی گئی۔ بعدازاں آر پی او کی طرف سے کھلی کچہری منعقد کی گئی۔**

بہاول پور( ) تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے سال 2022 میں بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان سے دوران تفتیش مقدمات کو ٹریس آؤٹ کر کے کروڑوں روپے کی مالیت کی 08 گاڑیاں، 54 موٹرسائیکل اور کیش رقم 15 لاکھ 60 ہزار روپے سے زائد رقم برآمد۔ برآمد شدہ مسروقہ مال اصل مالکان کے حوالے کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ اس موقع پر ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ برآمد شدہ مال اصل مالکان کے حوالے کیا گیا۔ اس موقع پر لوگوں نے اپنے چوری شدہ مال ملنے پر پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں آر پی او کی طرف سے ڈسٹرکٹ پولیس دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں سائلین نے شرکت کر کے اپنے مسائل آر پی او کے سامنے رکھے جس پر فوری کاروائی کے احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے اور اس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ان سے ہرگز نرمی نہیں برتی جائے گی۔ یہ لوگ معاشرے کا ناسور ہیں۔ ان کو کیفر کردار تک پہنچا کر ہی دم لیں گے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: برآمد شدہ مال مسروقہ مالکان کے حوالے کرنے کیلیے تقریب کا انعقاد اور آر پی او بہاولپور کی کھلی کچہری